# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/JTMG/02 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ** (Workplace) | صوبہ | **شعبہ** (Department) | جامعۃ المدینہ (Girls) |
| **منصب** (Designation) | صوبائی ذمہ دار | **جوابدہ** (Report to) | نگران مجلس |
| **کام** (Function) | جامعۃ المدینہ (Girls) کے تمام معاملات حل کرنا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | ڈویژن و ڈسٹرکٹ ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. صوبہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) اور نگران مجلس کو مکمل معاونت و معلومات (Information) کی فراہمی۔
2. اپنا پیشگی و عملی جدول سافٹ ویئر میں انٹر کرنا، ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیکنگ۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، بڑی سطح کے مدنی مشوروں میں شرکت اور اہداف کی تکمیل کو یقینی بنانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. شعبے کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق نئے جامعۃ المدینہ (Girls) کھولنے کی کوشش کرنا۔
6. اپنے متعلقہ صوبے کا جائزہ لینا، جہاں جامعات المدینہ (Girls) کی ضرورت ہو متعلقہ نگران صوبائی مشاورت کو اپڈیٹ کرنا۔
7. پہلے سے جاری جامعہ دعوتِ اسلامی کے سپرد ہونے پر اس کے تمام انتظامات و دیگر معاملات طے شدہ طریق کار کے مطابق کرنا۔
8. انتظامی امور، تعمیرات، مینٹیننس (Maintenance) وغیرہ کے معاملات دیکھنے اور بجلی، گیس وغیرہ کے بلز کی ادائیگی وغیرہ کے لئے جامعہ سطح پر مقامی مجلس بنانا۔
9. جامعۃ المدینہ (Girls) میں ایونٹس پر ہونے والے اجتماعات کے انتظامی معاملات میں معاونت کرنا۔
10. جامعات المدینہ (Girls) کی لوکیشنز مکمل ایڈریسز کے ساتھ گوگل میپ پر اپڈیٹ کروانا۔
11. جامعۃ المدینہ سے درسِ نظامی اور دیگر کورسز مکمل کرنے والی طالبات کو کنز المدارس بورڈ کی طرف سے اسناد مہیا کروانا۔
12. شعبۃ الامتحان اور کنز المدارس بورڈ کے تحت ہونے والے امتحانات میں حسب موقع شعبے کے طریقہ کار کے مطابق تعاون کرنا۔
13. پرچہ جات بنوانے، نصاب مرتب کرنے اور دیگر تعلیمی امور میں مجلس تعلیمی امور کی معاونت کرنا۔
14. ہر ماہ مختلف 12 جامعات المدینہ (Girls) میں چھٹی کے بعد جائزہ فارم کے مطابق جائزہ لینا، رجسٹر برائے مسائل و تجاویز کو چیک کرنا اور مسائل حل کرنا۔
15. اپنے متعلقہ کاموں کی تکمیل و ترقی کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق پلاننگ اور شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ۔
16. تنظیمی معلومات سے اپڈیٹ رہتے ہوئے شعبے کے SOP's اور JD's کا مطالعہ کرنا اور KPI's سمجھ کر اپنی ٹیم کو سمجھانا۔
17. ماتحت ذمہ داران کے HR (اجارہ) اور فنانس کے معاملات کی نگرانی اور شعبے سے متعلق موصول شکایات و تجاویز کا حل۔
18. تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا، طے شدہ کارکردگیاں کی چیکنگ اور سافٹ ویئر میں اندراج (Entry)۔
19. نگران و ذمہ داران کو بروقت رپلائی دینا اور منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے ٹاسک کی بروقت تکمیل۔
20. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job Specification

- **دنیاوی تعلیم**: ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (14 سالہ) **دینی تعلیم**: درس نظامی
- **کورسز**: 12 دینی کام، اصلاح اعمال
- **تجربہ**: اسی شعبے میں/اس نوعیت کے کسی دوسرے شعبہ میں 3 سے 5 سال کا تجربہ

- Educational Sensitivity & Academic Support, Observation, Review & Problem-Solving, Consultative Decision-Making, Administrative Planning & Supervision, Respectful Communication & Etiquette

# اپنی دنیا و آخرت کو بھتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- 12 دینی کاموں کو روزانہ 2 گھنٹے دیں بالخصوص نیک اعمال پر عمل، قافلہ، مدنی مذاکرہ، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں و دیگر عطیات سے متعلقہ اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت اور فیضانِ مدینہ وغیرہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم/سینڈ کریں۔